## سوال

میں سنی ہوں اورایک شیعہ لڑکی سے نکاح کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ لڑکی قرآن کو مکمل مانتی ہے ، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر نہ تہمت لگاتی ہے ، نہ گالیاں دیتی ہے ۔ اصحابِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی گالیاں نہیں دیتی ۔ اہلِ بیت کواللہ کی مخلوق مانتی ہے ، نہ کہ کائنات کے رازق ۔ کیا اس لڑکی سے نکاح ہوسکتا ہے ؟

## جواب

الحمد للہ، والصلوٰة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

نکاح کرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

**النِّكَاحُ مِنْ سُنَّتِي فَمَنْ لَمْ يَعْمَلْ بِسُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي** (سنن ابن ماجہ ، النکاح : 1846) **( صحیح)**

نکاح کرنا میری سنت ہے جو شخص میرے طریقے پر عمل نہیں کرتا اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دین دار اور نیک عورت سے شادی کرنے کی ترغیب دی ہے ۔

**تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ لِأَرْبَعٍ لِمَالِهَا وَلِحَسَبِهَا وَجَمَالِهَا وَلِدِينِهَا فَاظْفَرْ بِذَاتِ الدِّينِ تَرِبَتْ يَدَاكَ** ( صحیح البخاری ، کتاب النکاح : 5090، صحیح مسلم : 1466)

عورت سے چار خصلتوں کے پیش نظر نکاح کیا جاتا ہے : مال ، نسب ، خوبصورتی اور دینداری ۔ تمھارے دونوں ہاتھ خاک آلود ہوں! تم دیندار عورت سے شادی کر کے کامیابی حاصل کرو۔

عورت کے اولیاء کو بھی حکم دیا گیا ہے کہ وہ اپنے ماتحت عورت کی شادی نیک اور متقی شخص سے کریں ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

**إِذَا خَطَبَ إِلَيْكُمْ مَنْ تَرْضَوْنَ دِينَهُ وَخُلُقَهُ فَزَوِّجُوهُ إِلَّا تَفْعَلُوا تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْأَرْضِ وَفَسَادٌ عَرِيضٌ** (سنن ترمذی ، أَبْوَابُ النِّكَاحِ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ : 1084) **( صحیح)**

جب تمھیں کوئی ایسا شخص شادی کا پیغام دے جس کی دین داری اور اخلاق سے تمھیں اطمینان ہو تو اس سے شادی کردو ۔ اگر ایسا نہیں کروگے تو زمین میں فتنہ اور فساد عظیم برپا ہوگا ۔

بلاشبہ شیعہ کے بے شمار عقائد اہل السنۃ والجماعۃ کے عقائد کے خلاف ہیں :

وہ یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ قرآن میں تحریف ہوچکی ہے ۔اپنے اماموں کو معصوم عن الخطامانتے ہیں ۔ چند صحابہ کرام کو چھوڑ کر باقی تمام کو کافر کہتے ہیں ۔ دیگر کئی ایک شرکیہ وکفریہ عقائد کے حامل ہیں اور اپنے دلوں میں سنی لوگوں کے خلاف شدید بغض وعداوت رکھتے ہیں ۔

1. اگر وہ شیعہ لڑکی جس سے آپ شادی کرنا چاہتے ہیں ، اس طرح کے غلط عقائد ونظریات کی حامل نہیں ہے ، یا سچی توبہ کر چکی ہے تو پھر اس سے نکاح کرنے میں کوئی حرج نہیں ۔

والله أعلم بالصواب

## محدث فتویٰ کمیٹی

شیخ الحدیث حافظ مفتی عبد الستار حماد حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی

فضیلۃ الشیخ عبد الخالق حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ عبد الحلیم بن محمد بلال